© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

ادارہ

## ادارہ علوم القرآن کے زیر اہتمام آئندہ سیمینار ''عصر حاضر کے سیاسی مسائل اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر

قرآن مجید تمام انسانوں کے لیے رہنمائی کا ذریعہ (ھدیً للناس) ہے اور یہ رہنمائی کسی خاص مدت یا انسانی زندگی کے کسی خاص شعبہ تک محدود نہیں ہے بلکہ تا قیامت جملہ شعبہ ہائے انسانی کو محیط ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ تاریخ کے دوسرے ادوار کے مقابلہ میں جدید دور کا انسان نہایت سنگین اور گوناگوں سماجی و اخلاقی اور معاشی و سیاسی مسائل سے دو چار ہے۔ ان حالات میں یہ جاننا بہت ضروری ہو جاتا ہے کہ قرآن عہد حاضر کے انسان کو درپیش مسائل کا کیا حل پیش کرتا ہے اور اس سلسلہ میں اس کی تعلیمات و ہدایات سے کیا رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ قرآن کریم کی روشنی میں ان مسائل پر غور و خوض اور تبادلۂ خیال کے لیے 'ادارہ علوم القرآن' کے زیر اہتمام ''عصر حاضر کے سیاسی مسائل اور قرآنی تعلیمات'' کے موضوع پر دو روزہ سیمینار ان شاء اللہ تعالیٰ ۲۹-۳۰/ اکتوبر ۲۰۱۱ء میں علی گڑھ میں منعقد ہوگا۔ سیمنار کے ڈائرکٹر پروفیسر اشتیاق احمد ظلی اور اس کے کنوینر ڈاکٹر محمد راشد اصلاحی ہیں۔ اس کے ذیلی عناوین کی تفصیل حسب ذیل ہے:

۱- قرآن مجید کا تصورِ حاکمیتِ الٰہ

۲- قرآن میں اقتدارِ اعلیٰ کا تصور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳- مثالی اسلامی ریاست کی خصوصیات-قرآن کی روشنی میں

۴- قرآن کا مطلوبہ سیاسی نظامی (صدارتی، پارلیمانی، شہنشاہی، شورائی)

۵- قرآن مجید کی سیاسی تعلیمات

۶- قرآن کا سیاسی نظریہ

۷- لفظ خلیفہ اور استخلاف فی الارض- قرآن کی مثالی ریاست اور مثالی حکمراں کی جامع تعبیرات

۸- خلفاء راشدین کے انداز حکمرانی اور نظام حکمرانی کا جائزہ-قرآن کی روشنی میں

۹- امیر کا انتخاب اور اس کی معزولی-قرآن کی روشنی میں

۱۰- قرآن میں شوریٰ کا تصور

۱۱- اسلامی ریاست میں فکر و عمل کی آزادی کے حدود-قرآن کی روشنی میں

۱۲- قرآن کا تصور عدل و مساوات

۱۳- امن عالم کے قیام کے لیے سیاسی جدو جہد-قرآن کی روشنی میں

۱۴- قرآن مجید میں ملوک اور ملوکیت کا تذکرہ اور ان کا تجزیہ

۱۵- معاصر سیاسی افکار اور نظامہائے حیات کا جائزہ- قرآن کی روشنی میں (سیکولرازم، جمہوریت، اشتراکیت)

۱۶- 'جہاد فی سبیل اللہ' ظلم و استبداد کے خاتمہ کا موثر قرآنی ذریعہ

۱۷- معاصر مسلم مفکرین اور ان کے سیاسی افکار کا جائزہ-قرآن کی روشنی میں

۱۸- قرآن کے سفارتی اصول و آداب

۱۹- غیر مسلم ممالک میں مسلم اقلیتوں کے حقوق و اختیارات کا تعین-قرآن کی روشنی میں

۲۰- مسلم ممالک میں غیر مسلم اقلیتوں کے حقوق و اختیارات کا تعین-قرآن کی روشنی میں

۲۱- قرآن مجید اور بنیادی انسانی حقوق

۲۲- اسلامی حکومت میں خواتین کا کردار

۲۳- مسلم سیاست میں خواتین کا کردار

© rasailojaraid.com